# وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا

اور بھروسہ رکھ اللہ پر۔ اور اللہ بس (کافی) ہے کام بنانے والا۔

# الْأَحْزَاب

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ

اے نبی! ڈر اللہ سے اور کہا نہ مان منکروں کا اور دغابازوں کا۔

إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا (١)

مقرر (بلاشبہ) اللہ ہے سب جانتا حکمتوں والا۔

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَى إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ

اور چل اُسی پر جو حکم (وحی) آئے تجھ کو تیرے رب سے۔

إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا (٢)

مقرر (بیشک) اللہ تمہارے کام کی خبر رکھتا ہے۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا (٣)

اور بھروسہ رکھ اللہ پر۔ اور اللہ بس (کافی) ہے کام بنانے والا۔

مَّا جَعَلَ اللَّهُ لِرَجُلٍ مِّن قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ

اللہ نے رکھے نہیں کسی مرد کے دو دل اسکے اندر۔

وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ

اور نہیں کیا تمہاری جوروؤں کو جن کو ماں کہہ بیٹھے ہو، سچ تمہاری مائیں۔

وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءكُمْ أَبْنَاءكُمْ

اور نہیں کیا تمہارے لے پالکوں (منہ بولے) کو تمہارے بیٹے۔

ذَلِكُمْ قَوْلُكُم بِأَفْوَاهِكُمْ

یہ تمہاری بات ہے اپنے منہ کی (اپنا قول)۔

وَاللَّهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ (٤)

اور اللہ کہتا ہے ٹھیک (حق) بات اور وہی سوجھاتا ہے راہ۔

ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ

پکارو لے پالکوں کو انکے باپ کا کر کر (کی نسبت سے)، یہی پورا انصاف ہے، اللہ کے ہاں۔

فَإِن لَّمْ تَعْلَمُوا آبَاءهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ

پھر اگر نہ جانتے ہو اُنکے باپ کو تو تمہارے بھائی ہیں دین میں، اور رفیق ہیں۔

وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُم بِهِ وَلَكِن مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ

اور گناہ نہیں تم پر جس چیز میں چُوک جاؤ، پر وہ جو دل سے ارادہ کیا۔

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا (٥)

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔

النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ

نبی سے لگاؤ ہے ایمان والوں کو زیادہ اپنی جان سے، اور اُسکی عورتیں انکی مائیں ہیں۔

وَأُوْلُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ

اور ناتے والے (رشتے دار) ایک دوسرے سے لگاؤ رکھتے ہیں، اللہ کے حکم میں،

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ

زیادہ سب ایمان والوں اور وطن چھوڑنے والوں سے،

إِلَّا أَن تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُم مَّعْرُوفًا

مگر یہ کہ کیا چاہو اپنے رفیقوں سے احسان۔

كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا (٦)

یہ ہے کتاب میں لکھا۔

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٍ

اور جب لیا ہم نے نبیوں سے انکا قرار اور تجھ سے اور نوح سے

وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ

اور ابراہیم سے اور موسیٰ سے اور عیسیٰ سے جو بیٹا مریم کا۔

وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا (٧)

اور لیا ہم نے اُن سے گاڑھا قرار (پختہ عہد)۔

لِيَسْأَلَ الصَّادِقِينَ عَن صِدْقِهِمْ

تا (کہ) پوچھے اللہ سچوں سے اُن کا سچ۔

وَأَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا أَلِيمًا (٨)

اور رکھی ہے منکروں کو دکھ کی مار۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ

اے ایمان والو! یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اُوپر،

إِذْ جَاءَتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا وَجُنُودًا لَّمْ تَرَوْهَا

جب آئیں تم پر فوجیں، پھر بھیجی ہم نے ان پر باؤ (آندھی)، اور وہ فوجیں جو تم نے نہیں دیکھیں۔

وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا (٩)

اور ہے اللہ جو کچھ کرتے ہو دیکھتا۔

إِذْ جَاءُوكُم مِّن فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنكُمْ

جب آئے تم پر اُوپر کی طرف سے اور نیچے سے،

وَإِذْ زَاغَتْ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ

اور جب ڈگنے لگیں (پتھرا گئیں) آنکھیں اور پہنچے دل گلے تک،

وَتَظُنُّونَ بِاللَّهِ الظُّنُونَا (١٠)

اور اٹکلنے (گمان کرنے لگے) لگے تم اللہ پر کئی کئی اٹکلیں (طرح طرح کے گمان)۔

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا (١١)

وہاں جانچے گئے ایمان والے اور جھڑجھڑائے گئے زور کا جھڑجھڑانا۔

وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

اور جب کہنے لگے منافق اور جنکے دلوں میں روگ ہے،

مَّا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا (١٢)

جو وعدہ دیا تھا ہم کو اللہ نے اور اسکے رسول نے سب فریب تھا۔

وَإِذْ قَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا

اور جب کہنے لگے ایک لوگ ان میں، اے یثرب والو! تم کو ٹھکانا نہیں، سو پھر (لوٹ) چلو۔

وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ

اور رخصت مانگنے لگے ایک لوگ اُن میں نبی سے، کہنے لگے، ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں۔

وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ

اور وہ کھلے نہیں پڑے۔

إِن يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا (١٣)

غرض اور نہیں مگر بھاگنا۔

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِم مِّنْ أَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا

اور اگر شہر میں کوئی پیٹھ (گھس) آئے کناروں (اطراف) سے، پھر اُنسے چاہے دین سے بچلانا (گمراہی)، تو لے لیں،

وَمَا تَلَبَّثُوا بِهَا إِلَّا يَسِيرًا (١٤)

اور ڈھیل نہ کریں اس میں مگر تھوڑی۔

وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللَّهَ مِن قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ

اور اقرار کر چکے تھے اللہ سے آگے کہ نہ پھیریں گے پیٹھ۔

وَكَانَ عَهْدُ اللَّهِ مَسْؤُولًا (١٥)

اور اللہ کے اقرار کی پُوچھ ہوتی ہے۔

قُل لَّن يَنفَعَكُمُ الْفِرَارُ

تُو کہہ، کام نہ آئے گا تم کو بھاگنا،

إِن فَرَرْتُم مِّنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذًا لَّا تُمَتَّعُونَ إِلَّا قَلِيلًا (١٦)

اگر بھاگو گے مرنے (موت) سے یا مارے (قتل ہو) جانے سے اور پھر بھی پھل نہ پاؤ گے مگر تھوڑے دنوں۔

قُلْ مَن ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُم مِّنَ اللَّهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً

تُو کہہ، کون ہے تم کو بچائے اللہ سے اگر چاہے تم پر بُرائی یا چاہے تم پر مہر (مہربان ہونا)۔

وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا (١٧)

اور نہ پائیں گے اپنے واسطے اللہ کے سوا کوئی حمائتی نہ مددگار۔

قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا

اللہ کو معلوم ہیں جو اٹکاتے (رکاوٹیں ڈالتے) ہیں تم میں، اور کہتے ہیں اپنے بھائیوں کو، چلے آؤ ہمارے پاس۔

وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا (١٨)

اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کبھی (کم)۔

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ

دریغ (حسرت) رکھتے ہیں تمہاری طرف سے،

فَإِذَا جَاء الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ

پھر جب آئے ڈر کا وقت، تو تو دیکھے تکتے (دیکھتے) ہیں تیری طرف،

تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ

ڈگراتی (گھومتی) ہیں آنکھیں اُنکی، جیسے کسی پر آئے بیہوشی موت کی،

فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ

پھر جب جاتا رہے ڈر کا وقت، چڑھ چڑھ کر بولیں تم پر تیز تیز زبانوں سے، ڈھکے پڑتے (حریص) ہیں مال پر،

أُوْلَئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ

وہ لوگ یقین نہیں لائے، پھر اکارت (ضائع) کر ڈالے اللہ نے اُنکے کئے (اعمال)۔

وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا (١٩)

اور یہ ہے اللہ پر آسان۔

يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا

جانتے ہیں، فوجیں (حملہ آور لشکر) نہیں گئیں۔

وَإِن يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ

اور اگر آ جائیں فوجیں (حملہ آور لشکر) تو آرزو کریں، کسی طرح باہر گئے ہوں گاؤں میں،

يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ

پوچھا کریں تمہاری خبریں۔

وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلًا (٢٠)

اور اگر ہوں تم میں لڑائی نہ کریں مگر تھوڑے ۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

تم کو بھلی تھی سیکھنی رسول کی چال ،

لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا (٢١)

جو کوئی اُمید رکھتا ہے اللہ کی اور پچھلے دن کی اور یاد کرتا ہے اللہ کو بہت سا ۔

وَلَمَّا رَأَى الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا

اور جب دیکھیں مسلمانوں نے فوجیں (دشمن کا لشکر) ، بولے ،

هَذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ

یہ وہی ہے جو وعدہ دیا تھا ہم کو اللہ نے اور اُسکے رسول نے ، اور سچ کہا اللہ نے اور اسکے رسول نے ،

وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا (٢٢)

اور انکو اور بڑھا یقین اور اطاعت کرنا ۔

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ

ایمان والوں میں کتنے مرد ہیں کہ سچ کر دکھایا جس پر قول کیا تھا اللہ سے ۔

فَمِنْهُم مَّن قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ

پھر کوئی ہے ان میں کہ پورا کر چکا اپنا ذمہ ، اور کوئی ہے ان میں راہ دیکھتا ۔

وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا (٢٣)

اور بدلہ نہیں ایک ذرہ ۔

لِيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِينَ بِصِدْقِهِمْ

تا (کہ) بدلہ دے اللہ سچوں کو اُنکے سچ کا ،

وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ

اور عذاب کرے منافقوں کو اگر چاہے ، یا توبہ ڈالے اُنکے دل پر ،

إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا (٢٤)

بیشک اللہ ہے بخشتا مہربان ۔

وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا

اور پھیر (واپس بھیج) دیا اللہ نے منکروں کو، اپنے غصہ میں بھرے، ہاتھ نہ لگی کچھ بھلائی۔

وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ

اور آپ اُٹھا لی اللہ نے مسلمانوں کی لڑائی۔

وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا (٢٥)

اور ہے اللہ زورآور زبردست۔

وَأَنزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيهِمْ

اور اتار دیا انکو جو انکے رفیق ہوئے تھے کتاب والے، اُنکی گڑھیوں (قلعوں) سے،

وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقًا تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا (٢٦)

اور ڈالی اُنکے دل میں دھاک، کتنوں کو تم جان سے مارنے لگے، اور کتنوں کو بندی (قیدی) کیا۔

وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ تَطَؤُوهَا

اور تم کو ملائی (وراثت کی) اُنکی زمین، اور اُنکے گھر، اور اُنکے مال، اور ایک زمین جس پر نہیں پھیرے تم نے اپنے قدم،

وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا (٢٧)

اور ہے اللہ سب چیز کر سکتا۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ

اے نبی! کہہ دے اپنی عورتوں کو،

إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا

اگر تم ہو چاہتیاں دنیا کا جینا اور یہاں کی رونق،

فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا (٢٨)

تو آؤ کچھ فائدہ دوں تم کو اور رخصت کروں بھلی طرح سے۔

وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ

اور اگر تم ہو چاہتیاں اللہ کو اور اسکے رسول کو اور پچھلے (آخرت کے) گھر کو،

فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا (٢٩)

تو اللہ نے رکھ چھوڑا ہے اُنکو جو تم میں نیکی پر ہیں نیگ (اجر) بڑا۔

يَا نِسَاء النَّبِيِّ

اے نبی کی عورتو!

مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ

جو کوئی کر لائے تم میں کام بے حیائی کا صریح، دُونی ہو اسکو مار دوہری۔

وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾

اور ہے یہ اللہ پر آسان۔

وَمَن يَقْنُتْ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَا أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ

اور جو کوئی تم میں اطاعت کرے اللہ کی اور اسکے رسول کی، اور کرے کام نیک، دیں ہم اُسکو اسکا نیگ (۲۱ج) دوبار،

وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيمًا ﴿٣١﴾

اور رکھی ہے ہم نے اسکے واسطے روزی عزت کی۔

يَا نِسَاء النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاء

اے نبی کی عورتو! تم نہیں ہو جیسے ہر کوئی عورتیں،

إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ

اگر تم ڈر رکھو، سو تم دب کر نہ کہو بات پھر لالچ کرے کوئی جس کے دل میں روگ ہے،

وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ﴿٣٢﴾

اور کہو بات معقول۔

وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى

اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں، اور دکھائی نہ پھرو جیسا دکھانا دستور تھا پہلے وقت نادانی کے۔

وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

اور کھڑی رکھو نماز، اور دیتی رہو زکوٰۃ، اور اطاعت میں رہو اللہ کی اور اسکے رسول کی۔

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ

اللہ یہی چاہتا ہے، کہ دور کرے تم سے گندی باتیں، اِس گھر والو،

وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ﴿٣٣﴾

اور ستھرا کرے تم کو ایک ستھرائی سے۔

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِي بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَالْحِكْمَةِ

اور یاد کرو جو پڑھی جاتی ہیں تمہارے گھروں میں اللہ کی باتیں اور عقلمندی۔

إِنَّ اللَّهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا (٣٤)

مقرر (بیشک) اللہ ہے بھید جانتا خبردار۔

إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

تحقیق مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایماندار مرد اور ایماندار عورتیں

وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ

اور بندگی کرنے والے مرد اور بندگی کرنے والی عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں

وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ

اور محنت سہنے والے مرد اور محنت سہنے والی عورتیں اور دبے رہنے والے مرد اور دبی رہنے والی عورتیں

وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ

اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں

وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ

اور تھامنے والے مرد اپنی شہوت کی جگہ اور تھامنے والی عورتیں

وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ

اور یاد کرنے والے مرد اللہ کو بہت سا اور یاد کرنے والی عورتیں،

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا (٣٥)

رکھی ہے اللہ نے اُنکے واسطے معافی اور نیگ (اجر) بڑا۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا

اور کام نہیں کسی ایماندار مرد کا نہ عورت کا، جب ٹھہرا دے اللہ اور اُس کا رسول کچھ کام،

أَن يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ

کہ اُنکو رہے اختیار اپنے کام کا۔

وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُّبِينًا (٣٦)

اور جو کوئی بے حکم چلا اللہ کے اور اُسکے رسول کے، سو راہ بھولا صریح چُوک۔

وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِي أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ

اور جب تُو کہنے لگا اس شخص کو جس پر اللہ نے احسان کیا، اور تو نے احسان کیا،

أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللَّهَ

رہنے دے اپنے پاس اپنی جورو (بیوی)، اور ڈر اللہ سے،

وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ

اور تُو چھپاتا تھا اپنے دل میں ایک چیز، جو اللہ اسکو کھولا چاہتا ہے،

وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَاهُ

اور تُو ڈرتا تھا لوگوں سے۔ اور اللہ سے زیادہ چاہیئے ڈرنا تجھ کو،

فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا

پھر جب زید تمام کر چکا اس عورت سے اپنی غرض، ہم نے وہ تیرے نکاح میں دی،

لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ

تا (کہ) نہ رہے سب مسلمانوں پر گناہ نکاح کر لینا جوروئیں (بیویاں) اپنے لے پالکوں (منہ بولے بیٹوں) کی،

إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا

جب وہ تمام کریں اُن سے اپنی غرض۔

وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا (٣٧)

اور ہے اللہ کا حکم کرنا۔

مَّا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللَّهُ لَهُ

نبی پر کچھ مضائقہ نہیں اس بات میں، جو ٹھہرا (فرض کر) دی اللہ نے اسکے واسطے۔

سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ

دستور رہا ہے اللہ کا ان لوگوں (انبیاء) میں جو گزرے پہلے۔

وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَرًا مَّقْدُورًا (٣٨)

اور ہے حکم اللہ کا مقرر ٹھہر چکا (قطعی طے شدہ)۔

الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا اللَّهَ

وہ (انبیاء) جو پہنچاتے ہیں پیغام اللہ کے اور ڈرتے ہیں اس سے، اور نہیں ڈرتے کسی سے سوا اللہ کے۔

وَكَفَى بِاللَّهِ حَسِيبًا (٣٩)

اور بس (کافی) ہے اللہ کفایت (محاسبہ) کرنے والا۔

مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ

محمدؐ باپ نہیں کسی کا تمہارے مردوں میں لیکن رسول ہے اللہ کا، اور مُہر سب نبیوں پر (خاتم النّبیین)۔

وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا (٤٠)

اور ہے اللہ سب چیز جانتا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا (٤١)

اے ایمان والو! یاد کرو اللہ کو بہت سی یاد۔

وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (٤٢)

اور پاکی بولو (تسبیح کرو) اس کی صبح اور شام۔

هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ

وہی ہے جو رحمت بھیجتا ہے تم پر، اور اسکے فرشتے (بھی تم پر دعا، رحمت بھیجتے ہیں)

لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ

کہ نکالے تم کو اندھیروں سے اُجالے میں۔

وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا (٤٣)

اور ہے ایمان والوں پر مہربان۔

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ

دُعا اُنکی، جس دن اُس سے ملیں گے، سلام ہے۔

وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا (٤٤)

اور رکھا ہے اُن کے واسطے نیگ (اجر) عزت کا۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا (٤٥)

اے نبی! ہم نے تجھ کو بھیجا بتانے والا اور خوشی سنانے والا، اور ڈرانے والا اور بلانے والا۔

وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا ﴿٤٦﴾

اللہ کی طرف اسکے حکم سے اور چراغ چمکتا۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُم مِّنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ﴿٤٧﴾

اور خوشی سُنا ایمان والوں کو کہ انکو ہے خدا کی طرف سے بڑی بزرگی۔

وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ

اور کہا نہ مان منکروں کا اور دغابازوں کا، اور چھوڑ دے ان کو ستانا، اور بھروسا کر اللہ پر۔

وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٤٨﴾

اور اللہ بس (کافی) ہے کام بنانے والا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ

اے ایمان والو! جب تم نکاح کرو مسلمان عورتوں کو، پھر انکو چھوڑو، پہلے اس سے کہ ہاتھ لگاؤ انکو،

فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا

سو اُن پر حق نہیں تمہارا عدت میں بیٹھنا، کہ گنتی پوری کرواؤ۔

فَمَتِّعُوهُنَّ وَسَرِّحُوهُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿٤٩﴾

سو دو انکو کچھ فائدہ اور رخصت کرو بھلی طرح۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ

اے نبی! ہم نے حلال رکھیں تجھ کو تمہاری عورتیں جنکے مہر تو دے چکا،

وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْكَ

اور جو مال ہو تیرے ہاتھ کا (لونڈیاں) اور جو ہاتھ لگا دے تجھ کو اللہ،

وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ

اور تیرے چچا کی بیٹیاں اور پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور تیرے ماموں کی بیٹیاں، اور خالاؤں کی بیٹیاں

اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ

جنہوں نے وطن چھوڑا (ہجرت کی) تیرے ساتھ،

وَامْرَأَةً مُّؤْمِنَةً إِن وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَن يَسْتَنكِحَهَا

اور جو کوئی عورت ہو مسلمان، اگر بخشے (ہبہ کرے) اپنی جان نبی کو، اگر نبی چاہے کہ اسکو نکاح میں لے۔

خَالِصَةً لَّكَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ

(یہ رعایت) نری تجھی کو، سوا سب مسلمانوں کے۔

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ

ہم کو معلوم ہے، جو ٹھہرا دیا ہم نے اُن پر انکی عورتوں میں، اور انکے ہاتھ کے مال (لونڈیاں) میں،

لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ

(تجھے اس سے مستثنیٰ کر دیا) تا (کہ) نہ رہے تجھ پر تنگی۔

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا (٥٠)

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔

تُرْجِي مَن تَشَاء مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَن تَشَاء

(تجھ کو اختیار ہے) پیچھے (خود سے الگ) رکھ دے تو جسکو چاہے ان میں، اور جگہ دے اپنے پاس جسکو چاہے،

وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ

اور جسکو جی چاہے تیرا (پاس بلا لو) ان میں سے جو کنارے (الگ) کر دی تھیں، تو کچھ گناہ نہیں تجھ پر۔

ذَلِكَ أَدْنَى أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ

اس میں لگتا ہے کہ ٹھنڈی رہیں آنکھیں اُنکی، اور غم نہ کھائیں، اور راضی رہیں اس پر جو تو نے دیا ساریاں (سب)۔

وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ

اور اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے۔

وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَلِيمًا (٥١)

اور ہے اللہ سب جانتا تحمل والا۔

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاء مِن بَعْدُ وَلَا أَن تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ

حلال نہیں تجھ کو عورتیں اس پیچھے، اور نہ یہ کہ اُنکے بدلے اور کرے عورتیں،

وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ

اگرچہ خوش (اچھی) لگے تجھ کو اُنکی صورت، مگر جو مال ہو تیرے ہاتھ کا۔

وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيبًا (٥٢)

اور ہے اللہ ہر چیز پر نگہبان ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ

اے ایمان والو! مت جاؤ گھروں میں نبی کے،

إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ

مگر جو تم کو حکم ہو کھانے کے واسطے، نہ راہ دیکھتے اسکے پکنے کی،

وَلَكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا

لیکن جب بلائے تب جاؤ،

فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ

پھر جب کھا چکو، تو آپ آپ کو چلے جاؤ، اور نہ آپس میں جی لگاتے باتوں میں ۔

إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ

اس بات سے تمہاری تکلیف تھی پیغمبر کو، پھر تم سے شرم کرتا،

وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ

اور اللہ شرم نہیں کرتا ٹھیک بات بتانے میں ۔

وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ

اور جب مانگنے جاؤ بیبیوں سے کچھ چیز کام کی، تو مانگ لو پردے کے باہر سے ۔

ذَلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ

اس میں خوب ستھرائی ہے تمہارے دل کو، اور انکے دل کو ۔

وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ

اور تم کو نہیں پہنچتا کہ تکلیف دو اللہ کے رسول کو،

وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَدًا

اور نہ یہ کہ نکاح کرو اسکی عورتوں کو اسکے پیچھے کبھی ۔

إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمًا (٥٣)

البتہ یہ بات تمہاری اللہ کے ہاں بڑا گناہ ہے ۔

إِن تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا (٥٤)

اگر کھول کر کہو تم کسی چیز کو، یا اس کو چھپاؤ سو اللہ ہے ہر چیز جانتا۔

لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ

گناہ نہیں ان عورتوں کو سامنے ہونے کا اپنے باپوں سے اور نہ اپنے بیٹوں سے،

وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاء إِخْوَانِهِنَّ

اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھائی کے بیٹوں سے،

وَلَا أَبْنَاء أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ

اور نہ اپنے بہن کے بیٹوں سے، اور نہ اپنی عورتوں سے، اور نہ اپنے ہاتھ کے مال سے،

وَاتَّقِينَ اللَّهَ

اور ڈرتی رہو اللہ سے۔

إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا (٥٥)

بیشک اللہ کے سامنے ہے ہر چیز۔

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ

اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں رسول پر۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا (٥٦)

اے ایمان والو! رحمت بھیجو اس پر، اور سلام بھیجو سلام کہہ کر۔

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

جو لوگ ستاتے ہیں اللہ کو اور اسکے رسول کو، انکو پھٹکارا اللہ نے دنیا میں اور آخرت میں،

وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا (٥٧)

اور رکھی ہے انکے واسطے ذلّت کی مار۔

وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا

اور جو لوگ تہمت لگاتے ہیں مسلمان مردوں کو، اور مسلمان عورتوں کو، بن کئے کام،

فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا (٥٨)

تو اُٹھایا انہوں نے بوجھ جھوٹ کا اور صریح گناہ کا۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ

اے نبی! کہہ دے اپنی عورتوں کو اور اپنی بیٹیوں کو اور مسلمان عورتوں کو،

يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ

نیچی لٹکا لیں اپنے اُوپر تھوڑی سی اپنی چادریں۔

ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَن يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ

اس میں لگتا ہے کہ پہچانی پڑیں، تو کوئی نہ ستائے۔

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا (٥٩)

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔

لَّئِن لَّمْ يَنتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

کبھی باز نہ آئے منافق، اور جن کے دل میں روگ ہے،

وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ

اور جھوٹ اڑانے والے مدینے میں، تو ہم لگا دیں گے اُنکے پیچھے،

ثُمَّ لَا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا (٦٠)

پھر نہ رہنے پائیں گے تیرے ساتھ اس شہر میں مگر تھوڑے دنوں۔

مَّلْعُونِينَ

پھٹکارے ہوئے۔

أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا (٦١)

جہاں پائے گئے پکڑے گئے اور مارے گئے جان سے۔

سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ

دستور پڑا ہوا اللہ کا، اُن لوگوں میں جو آگے ہو چکے ہیں۔

وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا (٦٢)

اور تُو نہ دیکھے گا اللہ کی چال (سنت) بدلتی۔

يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ

لوگ پوچھتے ہیں تجھ سے قیامت کو۔

قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ

تُو کہہ، اسکی خبر ہے اللہ ہی پاس۔

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا (٦٣)

اور تُو کیا جانے، شاید وہ گھڑی پاس ہی ہو۔

إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا (٦٤)

بیشک اللہ نے پھٹکارا ہے منکروں کو، اور رکھی ہے انکے واسطے دہکتی آگ۔

خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا لَّا

رہا کریں اس میں ہمیشہ۔

يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا (٦٥)

نہ پائیں کوئی حمایتی نہ مددگار۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ

جس دن اُوندھے ڈالے اُنکے منہ آگ میں، کہیں گے،

يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا (٦٦)

کسی طرح ہم نے کہا مانا ہوتا اللہ کا اور کہا مانا ہوتا رسول کا۔

وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا (٦٧)

اور کہیں گے، اے رب! ہم نے کہا مانا اپنے سرداروں کا، اپنے بڑوں کا، پھر انہوں نے چوکا (بھلا) دی ہم سے راہ۔

رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا (٦٨)

اے رب! ان کو دے دُونی مار اور پھٹکار اُنکو بڑی پھٹکار۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى

اے ایمان والو! تم مت ہو ویسے، جنہوں نے ستایا موسیٰ کو،

فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا

پھر بے عیب دکھایا انکو اللہ نے اُنکے کہنے سے۔

وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا (٦٩)

اور تھا اللہ کے ہاں آبرو رکھتا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا (٧٠)

اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ سے، اور کہو بات سیدھی۔

يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ

کہ سنوار دے تم کو تمہارے کام، اور بخشے تم کو تمہارے گناہ۔

وَمَن يُطِعْ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا (٧١)

اور جو کوئی کہے پر چلا اللہ کے اور اُسکے رسول کے اس نے پائی بڑی مراد۔

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ

ہم نے دکھائی امانت آسمان کو، اور زمین کو اور پہاڑوں کو،

فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ

پھر سب نے قبول نہ کیا کہ اسکو اٹھائیں اور اس سے ڈر گئے، اور اٹھا لیا اسکو انسان نے۔

إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا (٧٢)

یہ ہے بڑا بے ترس نادان۔

لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ

تا (کہ) عذاب کرے اللہ منافق مردوں کو، اور عورتوں کو، اور شریک والے مردوں کو اور عورتوں کو،

وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اور معاف کرے اللہ ایماندار مردوں کو اور عورتوں کو۔

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا (٧٣)

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔

---

**************

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com